دنیا کی نامور خواتین

روزنامہ اوصاف اسلام آباد کے معروف کالم نگار جناب محمد اسلم کھوکھر نے دنیا کی ڈیڑھ سو سے زیادہ نامور خواتین کے حالات اور کارناموں کو اس ضخیم کتاب میں جمع کیا ہے جن میں ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰؓ سے لے کر محترمہ بے نظیر بھٹو تک مختلف مذاہب، طبقات، اقوام اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نامور خواتین شامل ہیں اور اس حوالہ سے اچھا خاصا تاریخی مواد اور معلومات اس میں سمودی ہیں۔

ساڑھے چھ سو سے زائد صفحات پر مشتمل یہ مجلد کتاب فکشن ہاؤس، ۱۸۔مزنگ روڈ لاہور نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت چار سو روپے ہے۔

دینی مسائل اور ان کا حل

انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے امیر مولانا ڈاکٹر احمد علی سراج روزنامہ کویت ٹائمز میں دینی مسائل کے حوالہ سے قارئین کی طرف سے پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات دیتے ہیں جو مختلف دینی عنوانات پر مسائل واحکام اور معلومات کا ذخیرہ ہوتے ہیں۔ انہی سوالات وجوابات کا ایک ضخیم مجموعہ انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کویت نے شائع کیا ہے۔

صفحات ۶۱۰، کتابت وطباعت معیاری، مضبوط جلد، قیمت درج نہیں۔

پاکستان میں ملنے کا پتہ: (۱) جامعہ سراج العلوم، دارالقرآن ڈیرہ اسماعیل خان (۲) ۳۹ سکندر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

عالمی نظام سیاست واقتصاد اور افغانستان کی طالبان تحریک

مولانا خالد محمود نے یہ ضخیم کتاب طالبان کی اسلامی تحریک کے پس منظر اور موجودہ عالمی اقتصادی وسیاسی صورت حال میں طالبان تحریک کی انقلابی حیثیت کو واضح کرنے کے جذبہ کے ساتھ لکھی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے افغانستان کی تاریخ اور عالمی سیاسی واقتصادی حالات کے بارے میں معلومات کا بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا ہے جو افغانستان اور طالبان کے موضوع پر مطالعہ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے بیش بہا تحفہ ہے۔